# سیقول

س169: سیقول السفهاء من الناس میں الناس سے کون مراد ہیں؟
ج: الناس سے مراد یہودیا مشرکین ہیں

س170: پہلے مسلمان کس طرف منہ کر کے نماز پڑھا کرتے تھے؟
ج: پہلے مسلمان بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھا کرتے تھے۔

س171: سب سے افضل امت کون سی ہے؟
ج: امت محمدیہ سب امتوں سے افضل ہے

س172: مسلمانوں نے کتنا عرصہ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی؟
ج: ہجرت کے بعد سولہ یا سترہ ماہ مسلمانوں نے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی۔

س173: بیت المقدس کو قبلہ کیوں بنایا گیا؟
ج: یہودیوں کی دل جوئی کے لیے بیت المقدس کو قبلہ بنایا گیا

س174: قبلہ کو پھیرا کیوں؟
ج: تاکہ ظاہر ہو جائے کہ کون رسول کی اتباع کرتا ہے اور کون دین میں شک کرتے ہوئے اور یہ گمان کرتے ہوئے کہ (معاذ اللہ) نبی اپنے معاملات میں حیران ہیں کفر کی طرف لوٹتا ہے۔

س175: قبلہ کا پھرنا کن لوگوں پر بھاری نہیں؟
ج: جن کو اللہ نے ہدایت دی ان پر قبلہ کا پھرنا بھاری نہیں۔

س176: کیا مسلمانوں کی تحویل قبلہ سے پہلے کی عبادات ضائع ہو گئیں؟
ج: جی نہیں کیونکہ اللہ پاک نے فرمایا کہ اللہ تمہارے اجر کو

ضائع فرمائے یعنی تمہاری ان نمازوں کو جن کو تم نے بیت المقدس کی طرف منہ کر کے پڑھیں بلکہ وہ تمہیں ثواب دے گا۔

س177: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ کو قبلہ ہونا کیوں پسند فرماتے؟
ج: (1) یہ ابراہیم علیہ السلام کا قبلہ تھا۔
(2) تاکہ اس کے ذریعے عرب کو اسلام کی طرف بلانے میں آسانی ہو۔

س178: کتابیوں کی کتابوں میں تحویل قبلہ سے متعلق کیا لکھا ہوا تھا؟
ج: ان کی کتابوں میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات میں یہ بات لکھی ہوئی تھی کہ آپ تحویل قبلہ فرمائیں گے

س179: اہل کتاب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو کس طرح پہچانتے ہیں؟
ج: اہل کتاب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح پہچانتے ہیں جیسے کوئی اپنے بیٹوں کو پہچانتا ہے۔

س180: کیا تحویل قبلہ کا حکم سفر اور حضر میں مساوی ہے؟
ج: جی ہاں تحویل قبلہ کا حکم سفر و حضر میں مساوی ہے۔

س181: تحویل قبلہ کا حکم سفر و حضر میں مساوی رکھنے کی حکمت کیا ہے؟
ج: تاکہ یہودیوں اور مشرکوں کو تم پر کوئی حجت حاصل نہ ہو

س182: یہودی تحویل قبلہ سے پہلے نبی پاک سے کیا کہا کرتے؟
ج: یہودی کہتے کہ حضور ہمارے دین کا تو انکار کرتے ہیں مگر پیروی تو ہمارے قبلے کی کرتے ہیں۔

س183: مشرکین نبی پاک سے تحویل قبلہ سے پہلے کیا کہا کرتے؟
ج: مشرکین کہتے کہ حضور بلاتے تو ملت ابراہیمی کی طرف ہیں مگر ابراہیم کے قبلہ کی مخالفت کرتے ہیں۔

س184: اللہ پاک کے رسول کی چھ صفات بتائیں؟
ج: (i) وہ تمہیں میں سے ہیں (ii) تم پر اللہ کی آیات تلاوت کرتے ہیں
(iii) تمہیں شرک سے پاک کرتے ہیں (iv) تمہیں قرآن سکھاتے ہیں
(v) پختہ علم (احکام قرآن) سکھاتے ہیں (vi) اس کے علاوہ جو سکھاتے ہیں جو تم نہیں جانتے۔

س185: انسان کو کس سے ڈرنا چاہیے؟
ج: انسان کو اللہ سے ڈرنا چاہیے۔

س186: اللہ کو یاد کرنے کے بارے میں حدیث قدسی لکھیں؟
ج: حدیث قدسی ہے کہ جس نے مجھے دل میں یاد کیا میں اسے اکیلے یاد کروں گا اور جس نے مجھے مجلس میں یاد کیا تو میں اس سے بہتر مجلس میں اسے یاد کروں گا

س187: کن لوگوں کو مردہ کہنے سے منع فرمایا گیا؟
ج: شہیدوں کو مردہ کہنے سے منع کیا گیا۔

س188: شہیدوں کی روحیں کہاں رہتی ہیں؟
ج: حدیث پاک کے مطابق ان کی روحیں سبز پرندوں کے قالب میں ہیں جنت میں جہاں چاہیں سیر کرتی ہیں۔

س189: اللہ اپنے بندوں کو کن چیزوں سے آزمائے گا؟
ج: 1) دشمن کے ڈر سے 2) قحط سالی کے ذریعے۔
3) مال میں 4) جان میں 5) پھلوں میں کمی کے ساتھ۔

س ۱۹۰: صبر کی بشارت کیا ہے؟
ج: صبر کی بشارت جنت ہے۔

س ۱۹۱: مصیبت کے وقت پڑھی جانے والی دعا کونسی ہے؟
ج: "انا للہ وانا الیہ راجعون" مصیبت کے وقت پڑھی جانے والی دعا ہے۔

س ۱۹۲: اس دعا کے متعلق کوئی حدیث بیان فرمائیں؟
ج: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا
مبارک چراغ بجھ گیا تو آپ نے یہ دعا پڑھی تو حضرت عائشہ نے عرض کیا
یا رسول اللہ یہ تو چراغ ہے فرمایا ہر وہ چیز جو مسلمانوں کو تکلیف دے وہی مصیبت ہے

س ۱۹۳: مصیبت کی تعریف لکھیں؟
ج: ہر وہ چیز جو مسلمانوں کو تکلیف دے وہی مصیبت ہے۔

س ۱۹۴: صفا و مروہ کہاں واقع ہیں؟
ج: صفا و مروہ مکہ میں واقع دو پہاڑ ہیں۔

س ۱۹۵: سعی کیا ہے؟
ج: ان دونوں پہاڑوں کے سات چکر حالت احرام میں لگانا۔

س ۱۹۶: سعی کا شرعی حکم لکھیں؟
ج: احناف کے نزدیک سعی واجب ہے شوافع کے نزدیک فرض ہے

س ۱۹۷: ان یہودیوں پر اللہ کی لعنت ہے یہاں لعنت سے کیا مراد ہے؟
ج: اللہ اپنی رحمت سے دور فرماتا ہے

س198: اللہ کے معبود ہونے کی چھ نشانیاں لکھیں؟
ج: 1) زمین و آسمان کی پیدائش 2) دن و رات کا بدلنا
3) کشتی کا دریا میں چلنا 4) بارش
5) ہواؤں کی گردش 6) بادلوں کا مسخر ہونا

س199: کشتی لوگوں کو کون کون سے فائدے دیتی ہے؟
ج: کشتی لوگوں کو تجارت اور مال برداری کا فائدہ دیتی ہے۔

س200: اللہ تعالیٰ زمین کو کس طرح جلاتا ہے؟
ج: اللہ پاک زمین میں بارش نازل فرما کر نباتات کے ذریعے زمین کو جلاتا ہے۔

س201: جب گمراہ سردار عذاب دیکھیں گے تو کیا کریں گے؟
ج: تو وہ اپنے پیروؤں سے رشتہ داریاں اور محبتوں کے وہ تعلقات جو ان کے درمیان دنیا میں تھے کاٹ دیں گے۔

س202: جب پیروکار یہ معاملہ دیکھیں گے تو کیا تمنا کریں گے؟
ج: وہ تمنا کریں گے کہ اگر کاش انہیں دنیا کی طرف لوٹایا جائے تو ہم بھی ان سے اسی طرح بیزار ہوں گے جس طرح یہ ہم سے بیزار ہوئے ہیں۔

س203: شیطان کو تمہارے لیے کیا کہا گیا ہے؟
ج: شیطان کو تمہارے لیے کھلا دشمن کہا گیا ہے۔ اس کی عداوت ظاہر ہے۔

س204: کفار کا نصیحت سننا اور ہدایت سمجھنا کس کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے؟
ج: اس چوپائے کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے کیونکہ چوپایا چرواہے کی آواز سنتا تو ہے لیکن کچھ سمجھتا نہیں۔

س 205: طیب رزق سے کیا مراد ہے؟
ج: طیبات سے مراد ہر حلال و نیک رزق سے مراد ہر وہ نعمت ہے جو اللہ نے تمہیں عطا فرمائی خواہ وہ کھیت ہو یا جانور

س 206: مردار کسے کہتے ہیں؟
ج: ہر وہ جانور جسے شرعی طریقے سے ذبح نہ کیا گیا ہو۔ زندہ جانور کے جسم کا جو حصہ کاٹ لیا گیا وہ بھی مردار کے حکم میں ہے۔

س 207: مردار جانوروں میں سے کس کس کو نکال دیا گیا؟
ج: مچھلی اور ٹڈی کو مردار جانوروں میں سے نکال دیا گیا۔

س 208: حرام اشیاء کیا ہیں؟
ج: 1) بہنے والا خون 2) سور کا گوشت۔
3) وہ جانور جو غیر اللہ کا نام لے کر ذبح کیا گیا

س 209: جسے بھوک نے ان حرام اشیاء کو کھانے پر مجبور کر دیا تو وہ کیا کرے؟
ج: وہ کھا لے ان اشیاء میں سے۔

س 210: اس کو کھانے کے لیے کیا شرائط ہیں؟
ج: 1) خواہش سے نہ کھائے 2) ضرورت سے آگے نہ بڑھے

س 211: کن کن افراد کو اس رخصت سے خارج کیا گیا؟
ج: 1) باغی 2) عادی
3) گناہ کا سفر کرنے والے جیسے بھاگنے والا غلام

س 212: مشرکین کا قرآن کے بارے میں کیا عقیدہ تھا؟
ج: بعض قرآن کو شعر کہتے ہیں، بعض سحر، بعض کہانت کہتے ہیں۔

س 213: مصارف صدقہ لکھیں؟
ج: 1) رشتہ دار 2) یتیم 3) مسکین
4) سائل 5) مکاتب غلام 6) قیدی چھڑانے کے لیے
7) مسافر

س 214: قصاص کا لغوی و شرعی معنی لکھیں؟
ج: قصاص کا لغوی معنی برابری ہے شرعی معنی ہے قاتل کے ساتھ ایسا سلوک کرنا جیسا اس نے کیا شرع میں قصاص قاتل کو قتل کرنے کا نام ہے۔

س 215: قصاص کا شرعی حکم لکھیں؟
ج: قصاص فرض ہے۔

س 216: قصاص میں کس کس کے بدلے قتل کیا جائے گا؟
ج: غلام کو غلام کے بدلے، عورت کو عورت کے بدلے بمطابق حدیث مرد کو عورت کے بدلے قتل کیا جائے گا۔

س 217: قصاص میں کس کو کس کے بدلے قتل نہ کیا جائے گا؟
ج: آزاد کو غلام کے بدلے اور مسلمان غلام کو کافر کے بدلے قتل نہ کیا جائے گا اگرچہ وہ آزاد ہی ہو۔

س 218: قتل میں قصاص ترک کرنے پر کیا چیز لازم ہے؟
ج: دیت لازم ہے۔

س219: امام شافعی کے قصاص اور دیت کے بارے میں دو اقوال بتائیں؟
ج: آپ فرماتے ہیں کہ ان دونوں میں سے ایک واجب ہے۔
قصاص واجب ہے دیت اس کا بدل ہے

س220: اگر وارث نے قصاص معاف کر دیا اور دیت کا تعین نہ کیا تو قاتل پر کیا لازم ہو گا
ج: تو قاتل کے ذمے کچھ لازم نہیں یہی قول راجح ہے۔

س221: یہودیوں پر قتل کے معاملے میں کیا چیز لازم تھی؟
ج: یہودیوں پر قصاص لینا واجب تھا۔

س222: نصاریٰ پر قتل کے معاملے میں کیا چیز لازم تھی؟
ج: نصاریٰ پر دیت لینا واجب تھی۔

س223: "قصاص میں تمہارے لئے زندگی ہے" اس فرمان کی وضاحت فرمائیں؟
ج: اس لئے کہ اگر قاتل کو اپنے قتل ہو جانے کا علم ہو جائے تو وہ
خود کو قتل سے بچائے گا اس طرح اس نے خود کو بھی زندہ رکھا اور اسے بھی جسے اس نے قتل کرنا تھا

س224: وصیت کا شرعی حکم بتائیں ترکہ کن کے لیے وصیت کی جائے گی؟
ج: والدین اور رشتہ داروں کے لیے دستور کے مطابق وصیت کرنا واجب ہے۔

س225: وصیت میں کیا بات ضروری ہے؟
ج: وصیت تہائی حصے سے نہ بڑھائے نہ ہی غنی کو فقیر سے زیادہ دے

س226: روزے کا لغوی و شرعی معنی لکھیں؟
ج: روزے کا لغوی معنی رک جانا شرعی معنی صبح صادق سے لے کر
غروب آفتاب تک کھانے پینے ازواجی تعلقات سے رک جانا۔

س227: روزے کا شرعی حکم کیا ہے؟
ج: روزہ رکھنا فرض ہے۔

س228: کس مہینے کے روزے فرض ہیں؟
ج: رمضان کے روزے فرض ہیں۔

س229: کن کن کو روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے؟
ج: 1) مسافر کو 2) حاملہ کو 3) دودھ پلانے والی کو
4) مریض کو 5) شیخ فانی کو 6) خوف ہلاکت یا زیادہ نقصان عقل والے کو
7) مجاہد کو

س230: کون کون روزے کا فدیہ ادا کر سکتا ہے؟
ج: 1) شیخ فانی 2) ایسا مریض جس کے اچھا ہونے کی امید نہ ہو
نوٹ: ان کے علاوہ جن کو روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے وہ بعد میں ان کی قضا کریں گے۔

س231: ایک روزے کا فدیہ کیا ہے؟
ج: ایک صدقہ فطر ایک روزے کا فدیہ ہے۔

س232: صدقہ فطر کی مقدار کیا ہے؟
ج: گندم کا نصف صاع اور جو اور کھجور کا ایک صاع صدقہ فطر کی مقدار ہے۔

س233: ابتدائے اسلام میں روزے اور فدیہ کا کیا حکم تھا؟
ج: ابتدائے اسلام میں ان دونوں کے درمیان اختیار تھا کہ
بعد میں صوم کے حکم سے منسوخ ہو گیا۔

س 234: حضرت عبداللہ بن عباس نے حاملہ اور دودھ پلانے والی کے روزے کے متعلق کیا فرمایا؟
ج: آپ فرماتے ہیں کہ حاملہ اور دودھ پلانے والی فدیہ ادا کر سکتی ہیں۔

س 235: قرآن کس مہینے میں اترا؟
ج: قرآن رمضان کے مہینے میں اترا

س 236: قرآن کس گھڑی میں اترا؟
ج: قرآن لیلۃ القدر میں اترا۔

س 237: قرآن کس سے کس پر اترا؟
ج: قرآن لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر اترا۔

س 238: رمضان کی راتوں میں جماع کا حکم لکھیں؟
ج: رمضان کی راتوں میں جماع کرنا حلال ہے۔

س 239: عورتیں تمہارے لئے کیا ہیں اور تم عورتوں کے لیے کیا ہو؟
ج: عورتیں تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کے لیے لباس ہو۔

س 240: اعتکاف کی حالت میں جماع کا کیا حکم ہے؟
ج: اعتکاف کی حالت میں جماع سے منع کیا گیا ہے۔

س 241: ناحق مال کی دو مثالیں دیں؟
ج: (1) چوری (2) غصب کر لینا

س 242: چاند کے ذریعے کس کو معلوم کیا جاتا ہے؟
ج: چاند کے ذریعے اوقات کو معلوم کیا جاتا ہے

س243: چاند کے ذریعے کون سے اوقات کو معلوم کیا جاتا ہے؟
ج: کھیتی باڑی اور کاروبار کے اوقات جانے جاتے ہیں عورتیں اپنی عدت شمار کرتی ہیں، روزہ رکھنے نہ رکھنے کے اوقات اور حج کے اوقات جانے جاتے ہیں۔

س244: چاند کے چھوٹا بڑا ہونے میں کیا حکمت ہے؟
ج: اگر چاند چھوٹا بڑا ہوگا تو تب ہی اوقات کو جانا جا سکتا ہے۔

س245: اگر چاند ایک ہی حالت پر رہے تو ہمارے لیے کیا نقصان ہے؟
ج: ہمیں اوقات کی معرفت نہ ہوگی۔

س246: کیا حالت احرام میں گھر کے پچھواڑے سے جانا نیکی ہے؟
ج: یہ کچھ نیکی والی نہیں۔

س247: اگر کفار حدود حرم میں مسلمانوں سے جنگ کرنا شروع کریں تو مسلمانوں کے لیے کیا حکم ہے؟
ج: تو مسلمان بھی ان سے حدود حرم میں جنگ کریں اس میں کوئی حرج نہیں۔

س248: کفار کی دو سزائیں لکھیں؟
ج: (1) قتال کرنا (2) شہر بدر کرنا

س249: "ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ" میں تہلکہ سے کیا مراد ہے؟
ج: یہاں ہلاکت سے مراد یہ ہے کہ تم جہاد میں مال خرچ کرنے سے ہاتھ روک لو یا جہاد ہی کو چھوڑ دو اس لئے کہ یہ امور تمہارے دشمن کو تمہارے خلاف مضبوط کر دیں گے۔

س250: اگر ہمیں حج و عمرہ سے روکا جائے تو ہم پر کیا لازم ہے؟
ج: تو جو میسر آئے قربانی بھیجو، قربانی سے مراد بکری ہے۔

سوال 21: کب تک سر نہ منڈائے جائیں؟
ج: جب تک قربانی اپنی جگہ پر نہ پہنچ جائے۔

سوال 22: وہ کونسی جگہ ہے جہاں قربانی پہنچانا ضروری ہے؟
ج: امام شافعی کے نزدیک وہ مقام احصار ہے

سوال 23: احرام والا کب احرام کی پابندی سے باہر ہو جائے گا؟
ج: جب وہ مقام احصار میں حلال ہونے کی نیت سے وہیں ذبح کرے اسکا گوشت اسی جگہ مساکین کو تقسیم کرے اور سر منڈوا لے۔

سوال 24: کن لوگوں کو سر منڈوانے سے رخصت ہے؟
ج: 1) بیمار کو 2) جس کے سر میں تکلیف ہو جیسے جوئیں یا درد کو

سوال 25: حالت احرام میں کونسے کام ممنوع ہیں کوئی سے تین لکھیں؟
ج: 1) خوشبو لگانا 2) سلا ہوا لباس پہننا 3) تیل لگانا

سوال 26: اگر کوئی حلق نہ کروائے یا ممنوع فعل کرے تو اس کی کیا سزا ہے؟
ج: تو اسے تین باتوں کا اختیار ہے جسے مرضی چن لے
1) تین روزے 2) تین صاع چھ مساکین پر خیرات کرے
3) قربانی دے

سوال 27: جو عمرے کا احرام حج ہی کے دنوں باندھے اس پر کیا لازم ہے؟
ج: اس پر ایک بکری کی قربانی لازم ہے

سوال 28: یہ قربانی کس دن افضل ہے؟
ج: یہ قربانی یوم نحر کے روز افضل ہے۔

س259: جو قربانی یا اس کی قیمت نہ پائے اس پر کیا لازم ہے؟
ج: وہ تین روزے حالت احرام میں حج تمتع کے سبب اور سات روزے گھر پلٹنے پر رکھے۔

س260: حاجی کس روز سے پہلے حج کا احرام باندھ لے؟
ج: حاجی سات ذوالحجہ سے قبل حج کا احرام باندھ لے اور افضل چھ ذوالحجہ سے قبل ہے کیونکہ حاجی کے لیے یوم عرفہ کا روزہ مکروہ ہے۔

س261: امام شافعی کے نزدیک یہ روزے ایام تشریق میں رکھنا کیسا ہے؟
ج: ناجائز ہے۔

س262: قربانی اور روزوں کا حکم کس کے لئے ہے؟
ج: جو مکہ کا رہنے والا نہ ہو یعنی وہ حرم پاک سے دو دن سے کم کی مسافت پر رہتا ہو۔

س263: اگر وہ مکہ کا رہنے والا ہو تو کیا حکم ہے؟
ج: اس پر نہ ہی دم لازم ہے نہ ہی روزے لازم ہیں۔

س264: حج قران والے کا کیا حکم ہے؟
ج: حج قران کرنے والا بھی حج تمتع کے حکم کے ساتھ ملحق ہے

س265: حج قران کا حج تمتع میں ہونے کے لیے کونسی شرط کا پایا جانا ضروری ہے؟
ج: جبکہ حاجی نے حج و عمرہ کی اکٹھی نیت سے احرام باندھا ہو یا جس عمرہ کا طواف کرنے سے پہلے حج کے ایام شروع ہو جائیں۔

س266: حج کے مہینے کون کون سے ہیں؟
ج: شوال، ذیقعدہ اور ذوالحجہ کے دس ایام اور ایک قول کے مطابق پورا ذوالحجہ ایام حج میں شامل ہے۔

س267: حج کا احرام باندھ کر کون سے تین افعال سے قرآن میں واضح منع کیا گیا؟
ج: (1) جماع سے (2) گناہ سے (3) جھگڑے سے

س268: سب سے بہترین توشہ کون سا ہے؟
ج: پرہیزگاری سب سے بہترین توشہ ہے۔

س269: دوران حج تجارت کرنا کیسا ہے؟
ج: جائز ہے۔

س270: حج کے فرائض کون کونسے ہیں؟
ج: (1) احرام (2) وقوف عرفہ (3) طواف زیارت
(4) نیت (5) ترتیب (6) ہر فرض کا اپنے وقت پر ہونا
(7) مکان یعنی وقوف (زمین) عرفات میں ہونا

س271: حج کے واجبات کون کونسے ہیں؟
ج: (1) وقوف مزدلفہ (2) سعی (3) رمی جمار
(4) آفاقی کے لیے رخصتی طواف (5) حلق یا تقصیر

س272: مزدلفہ میں رات گزارنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
ج: مزدلفہ میں وقوف واجب اور اس میں رات گزارنا سنت مؤکدہ ہے

س273: مزدلفہ میں رات گزارنے کے بعد کیا کرنا چاہیئے؟
ج: یہاں رات گزارنے کے بعد مشعر حرام کے پاس دعائیں، تہلیل اور تسبیح کرنی چاہیئے۔

س274: مشعر حرام کہاں واقع ہے اس کا کوئی اور نام بھی بتائیں؟
ج: مشعر حرام مزدلفہ کے آخر میں واقع پہاڑ ہے اس کا نام قزح بھی ہے۔

س275: کن کو خصوصاً وقوف عرفات کا حکم دیا گیا؟
ج: اہل قریش کو خصوصاً حکم دیا گیا کیونکہ وہ وقوف عرفات نہ کرتے۔

س276: وہ وقوف عرفات کیوں نہ کرتے تھے؟
ج: تکبر کی وجہ سے

س277: اللہ تعالیٰ کتنی دیر میں مخلوق کا حساب فرمائے گا؟
ج: اللہ تعالیٰ دنیاوی ایام کے آدھے دن کی مقدار میں ساری مخلوق کا حساب فرمائے گا۔

س278: وہ کفار مکہ جو مسلمانوں پر ان کے فقر کی وجہ سے ہنستے ہیں انہیں کیا جزا ملے گی؟
ج: یہ قیامت کے دن ان سے اوپر ہوں گے کہ اصوال و غلاموں کا مالک ان لوگوں کو بنا دیا جائے گا جن کی ہنسی اڑائی گئی تھی۔

س279: جہاد کا شرعی حکم لکھیں؟
ج: جہاد فرض ہے۔

س280: جہاد کی بہتریاں لکھیں؟
ج: جہاد میں یا تو کامیابی اور مال غنیمت ہے یا شہادت اور اجر و ثواب ہے۔

س 281: جہاد کو ترک کرنے کا نقصان لکھیں؟

ج: جہاد کو ترک کرنے میں ذلت، فقر اور اجر و ثواب سے محرومی ہے۔

س 282: ہدایت کا لغت میں معنی لکھیں؟

ج: اہل لغت کے نزدیک ہدایت کے معنی ہیں کہ اس بات (راہ یا راستہ) کی جانب رہنمائی کرنا جو مطلوب تک پہنچا دے۔

س 283: سریہ کسے کہتے ہیں؟

ج: اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کسی لشکر میں صحابہ کو دشمن کے مقابلے میں بھیج دیں اور خود شرکت نہ فرمائیں تو اسے سریہ کہتے ہیں۔

س 284: رسول اللہ نے اپنا سب سے پہلا سریہ کس کے مقابلے میں بھیجا؟

ج: رسول اللہ نے اپنا سب سے پہلا سریہ کفار کے مقابلے میں بھیجا۔

س 285: اس سریہ کا امیر کون تھا؟

ج: اس سریہ کا امیر عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کو بنایا گیا۔

س 286: جو مرتد ہو کر مرے اس کے اعمال کا کیا بنے گا؟

ج: اس کے نیک اعمال باطل ہو جائیں گے۔

س 287: جو مرتد ہونے کے بعد مسلمان ہو جائے اس کے اعمال کا کیا بنے گا؟

ج: اس کے نیک اعمال پر اس کو اجر ملے گا۔

س 288: شراب اور جوئے کا شرعی حکم لکھیں؟

ج: یہ دونوں گناہ کبیرہ ہیں۔

س289: شراب اور جوا کس سبب سے گناہ ہیں؟
ج: ان کے سبب جھگڑا گالی گلوچ اور فحش کلامی ہوتی ہے۔

س290: شراب کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں؟
ج: لغت میں پینے کی چیز کو شراب کہتے ہیں۔
اصطلاح میں شراب اسے کہتے ہیں جس سے نشہ ہو۔

س291: جوئے کی دو تعریفات لکھیں؟
ج: (1) کھیل ہی کھیل میں اپنے ساتھی کا مال لینا
(2) ہر وہ کھیل جس میں دو کھلاڑی اس بات کی شرط لگائیں
کہ ہارنے والے پر کوئی مخصوص شے دینا لازم ہوگا۔

س292: جب نبی پاک سے پوچھا گیا کہ کیا خرچ کریں تو کیا جواب ملا؟
ج: فرمایا عفو کو خرچ کرو۔

س293: عفو سے کیا مراد ہیں؟
ج: وہ چیز جو حاجت سے فالتو ہو۔

س294: اگر یتیموں کے مال الگ رکھے جائیں اور ان کا کھانا الگ ہو تو کیا حکم ہے؟
ج: اس میں کوئی حرج نہیں۔

س295: اگر ان کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا لیا جائے تو کیا حکم ہے؟
ج: تو وہ تمہارے بھائی ہیں۔

س296: آزاد مشرک عورت سے کون بہتر ہے؟
ج: آزاد مشرک عورت سے تو مسلمان لونڈی بھی بہتر ہے اگرچہ وہ تمہیں بھاتی ہو مال و جمال کی وجہ سے۔

س297: آزاد مشرک مرد سے کون بہتر ہے؟
ج: آزاد مشرک مرد سے تو مسلمان غلام بھی بہتر ہے اگرچہ وہ تمہیں بھاتا ہو مال و جمال کی وجہ سے۔

س298: مشرکین تمہیں کس طرف بلاتے ہیں؟
ج: وہ تمہیں دوزخ کی طرف بلاتے ہیں یعنی ایسے کاموں کی طرف بلاتے ہیں جن کا موجب جہنم ہے

س299: اللہ تمہیں کس طرف بلاتا ہے؟
ج: اللہ تمہیں رسول کی زبان حق ترجمان سے جنت اور بخشش کی طرف بلاتا ہے یعنی ایسے کاموں کی طرف بلاتا ہے جن کا موجب جنت ہے۔

س300: یہودیہ اور نصرانیہ سے نکاح کا حکم کیا ہے؟
ج: غیر حربی کتابیہ سے نکاح کرنا جائز ہے۔

س301: حیض کسے کہتے ہیں؟
ج: وہ خون جو کسی ایسی عورت کے رحم سے نکلے جو بیمار نہ ہو اور نابالغ نہ ہو

س302: حیض کی حالت میں عورتوں کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہیے؟
ج: حیض کی حالت میں عورتوں سے جماع نہیں کرنا چاہیے۔

س303: پھر عورتوں سے کب تک جماع نہیں کرنا چاہئے؟
ج: جب تک وہ بعد حیض غسل سے فارغ نہ ہو جائیں۔

س304: عورتوں کو اللہ پاک نے تمہارے لئے کس کی مثل بنایا؟
ج: کھیتی کی مثل بنایا۔

س305: قسم کی اقسام کے نام لکھیں؟
ج: (1) غموس (2) منعقدہ (3) لغو

س306: غموس کی تعریف اور حکم لکھیں؟
ج: کسی گزرے ہوئے فعل پر جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھا لینا اس میں گناہ ہوگا اسکا کفارہ صرف توبہ و استغفار ہی ہے۔

س306: منعقدہ کی تعریف اور حکم لکھیں؟
ج: زمانہ استقبال میں کسی امر پر قصداً قسم کھا لینا اس کو اگر توڑا تو گنہگار بھی ہوگا اور کفارہ بھی لازم ہوگا

س307: قسم کا کفارہ کیا ہے؟
ج: غلام آزاد کرنا یا تین مسلسل روزے رکھنا یا دس مسکینوں کو کھانا کھلانا یا ان کو کپڑے پہنانا۔

س308: لغو کی تعریف مع حکم لکھیں؟
ج: کسی گزرے ہوئے زمانہ میں کسی امر پر اپنے خیال میں صحیح جان کر قسم کھا لینا اور در حقیقت معاملہ اس کے خلاف ہو یہ معاف ہے اس پر کفارہ بھی نہیں۔

س309: اگر زبان سے بے ارادہ قسم نکل جائے تو کیا حکم ہے؟
ج: اس پر گناہ بھی نہیں کفارہ بھی نہیں

س310: نیکی اور پرہیزگاری سے رکنے کی قسم کھانا کیسا ہے؟
ج: اس طرح کی قسم کھانا مکروہ ہے.

س311: اگر اس طرح کی قسم کھالی جائے تو پھر کیا حکم ہے؟
ج: بندہ ایسی قسم توڑ دے اور کفارہ ادا کر دے.

س312: ایلاء کی تعریف لکھیں؟
ج: ایسی قسم جو اپنی منکوحہ سے مخصوص مدت تک وطی ترک کر دینے کے بارے میں کھائی ہو.

س313: ایلاء کی کم مدت کتنی ہے اور زیادہ مدت کتنی ہے؟
ج: کم مدت چار ماہ دس دن اور زیادہ جتنی کا ارادہ کرے

س314: اگر اس دورانیے میں عورت سے وطی کرلی تو کیا حکم ہے؟
ج: اگر وطی کرلی تو حانث ہوگا اور اس پر کفارہ لازم ہو جائے گا

س315: اگر اس دورانیے میں عورت سے وطی نہ کی تو کیا حکم ہے.
ج: اگر وطی نہ کی تو مدت گزرتے ہی عورت کو طلاق بائنہ ہو جائے گی.

س316: اگر مرد خود طلاق ہو گئی تو اس کی عدت کتنی مدت ہے؟
ج: اس کی عدت تین قروء یعنی حیض ہے.

س 317: قروء سے کیا مراد ہے اس بارے میں اقوال لکھیں؟
ج: احناف کے نزدیک قروء سے مراد حیض ہے
شوافع کے نزدیک قروء سے مراد طہر ہے

س 318: آئسہ سے کہتے ہیں؟
ج: وہ عورت جسے پچپن سال کی عمر میں حیض آنا بند ہو جائے۔

س 319: آئسہ کی اور نابالغہ کی عدت کتنی ہے؟
ج: ان کی عدت تین ماہ ہے۔

س 320: غیر مدخولہ کی عدت کتنی ہے؟
ج: غیر مدخولہ پر عدت نہیں ہوتی

س 321: حاملہ کی عدت کتنی ہے؟
ج: وضع حمل حاملہ کی عدت ہے۔

س 322: لونڈی کی عدت کتنی ہے؟
ج: دو حیض اس کی عدت ہے۔

س 323: عورتوں کے لئے بچے اور حیض کو چھپانا کیسا ہے؟
ج: حلال نہیں

س 324: رجوع سے کہتے ہیں؟
ج: عورت کو عدت کے دنوں میں پہلے نکاح پر باقی رکھنے کو رجعت کہتے ہیں جو ایسا کرے گویا اس نے رجوع کیا۔

س325: کتنی طلاقوں میں رجوع ہو سکتا ہے؟
ج: ایک یا دو طلاقوں میں رجوع ہو سکتا ہے۔

س326: طلاق کے بعد مہر واپس لینا کیسا ہے؟
ج: حلال نہیں

س327: خلع کسے کہتے ہیں؟
ج: شوہر برضاء خود مہر وغیرہ مال کے عوض عورت کو نکاح سے جدا کر دے۔

س328: اگر شوہر زوجہ کو تین طلاقیں دے دے تو ان کے بعد عورت سے نکاح کرنا کیسا ہے؟
ج: حلال نہیں۔

س329: کب تک وہ عورت حلال نہیں؟
ج: جب تک وہ کسی دوسرے کے ساتھ شادی کر کے وطی نہ کرے
اگر وہ وطی کے بعد طلاق دے دے تو اب یہ پہلے شوہر کے لیے حلال ہے۔

س330: جو عورت کو نقصان پہنچانے کے لیے رجوع کرے اس کا حکم کیا ہے؟
ج: تو وہ خود ہی اپنی جان کو اللہ کے عذاب کے سامنے پیش کرنے والا ہے۔

نوٹ: یہ نوٹس تنظیم المدارس بورڈ کے مقرر کردہ امتحانی SQ's کے مطابق 60% سے لیے گئے ہیں۔

جامعۃ المدینہ فیضان
قبیط بر سیلہ شریف ضلع گجرات